# روحِ اخبار

— ایک سرکاری اعلان میں بتایا گیا ہے کہ یکم مارچ ۱۹۴۱ء کو ہندوستان میں کل آبادی ۳۸ کروڑ ۸۸ لاکھ تھی۔ دس سال میں ہندوستان کی آبادی نے ۱۵ فیصدی ترقی کی ہے۔ سب سے زیادہ ترقی صوبہ سرحد کی آبادی میں ہوئی ہے۔ جس کی ترقی کی رفتار ۲۵ فیصدی رہی ہے (انجام ۲۲/۱۱/۴۱ء)

— انڈین ملز ایسوسی ایشن کو حکومت ہند نے ۶ کروڑ ۲۰ لاکھ ریت کے بوروں کا آرڈر دیا ہے (تیج ۲۱/۱۱/۴۱ء)

— ایک بیان شائع ہوا ہے جس میں مرکزی حکومت کی ۴۱-۱۹۴۰ء کی آمد و خرچ درج ہے۔ اس سال ½۱۰۸ کروڑ روپیہ کی آمدنی ہوئی۔ اس میں ریلوے کی آمدنی ۱۲ کروڑ روپیہ اور محکمہ ڈاک و تار کی ۲ کروڑ روپیہ کی خالص آمدنی نیز سرمایہ محفوظ سے منتقل کیا ہوا ¾۷ کروڑ روپیہ شامل ہے۔ خرچ ۱۱۵ کروڑ روپیہ ہے جس میں سے ¾۷۳ کروڑ روپیہ دفاعی کاموں میں صرف ہوا۔ (د)

— شاہ جہانگیر نے اپنے دربار عام میں جو سونے کی زنجیر عوام کی پکار سننے کیلئے لگائی تھی اس کا وزن ۴ من تھا۔ اور وہ ۳۰ گز لمبی تھی۔ اس میں ۶۰ گھونگھرو تھے جو زنجیر ہلانے سے بجتے تھے۔ (م)

— دنیا میں فیصدی تعلیم کا مقابلہ ذیل میں دیا جاتا ہے:۔

| نام ملک | مرد | عورت | نام ملک | مرد | عورت |
|---|---|---|---|---|---|
| برطانیہ | ¾۹۳ | ½۹۱ | جرمن | ۱۰۰ | ۱۰۰ |
| امریکہ | ½۹۵ | ۹۳ | جزائر فلپائن | ½۷۰ | ۶۱ |
| ڈنمارک | ۱۰۰ | ۱۰۰ | جاپان | ۹۸ | ۹۸ |
| ہندوستان | ۵ | ¼۱ | | | |

— ہندوستان کے مختلف صوبوں میں تعلیم کی حالت فی ہزار درج ذیل ہے:۔ بنگال ۹۵۔ مدراس ۹۳۔ ریاست میسور ۱۲۰ بہار اڑیسہ ۵۱ پنجاب ۴۰ آگرہ و اودھ ۴۲ صوبجات متوسط ۴۵

— دنیا میں مختلف ملکوں کی مالی حالت مندرجہ ذیل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| امریکہ میں سالانہ اوسط آمدنی فی کس | ۳۲۳۵ | روپے |
| فرانس 〃 〃 〃 〃 〃 〃 | ۱۲۹۲ | 〃 |
| جاپان 〃 〃 〃 〃 〃 〃 | ۱۱۸ | |
| برطانیہ 〃 〃 〃 〃 〃 | ۱۲۵۴ | |
| اٹلی 〃 〃 〃 〃 〃 〃 | ۱۵۴ | 〃 |
| ہندوستان 〃 〃 〃 〃 〃 | ۳۰ | 〃 |

(تیج ۲۲/۱۱/۴۱ء)

جناب شیخ حاجی عبدالوہاب صاحب پرنٹر و پبلشر نے جید برقی پریس دہلی میں چھپوا کر دفتر رسالہ محدث دارالحدیث رحمانیہ دہلی سے شائع کیا۔

© rasailojaraid.com